रजिस्ट्री सं. डि-221 Regn. No. D-221

# भारत का राजपत्र
# THE GAZETTE OF INDIA
# دی گزٹ آف انڈیا

असाधारण
EXTRAORDINARY
غیر معمولی

भाग XVII अनुभाग I
PART XVII SECTION I
حصہ XVII سیکشن I

प्राधिकार से प्रकाशित
PUBLISHED BY AUTHORITY
اتھارٹی سے شائع کیا گیا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| सं I | नई दिल्ली | मंगलवार | 26 नवम्बर, 2024 | 5 अग्रहायण | 1946(शक) | खंड XI |
| No. I | New Delhi | Tuesday | 26 November, 2024 | 5 Agrahayana | 1946(Saka) | Vol. XI |
| نمبر I | نئی دہلی | منگل وار | 26نومبر2024 | 5 اگرہاین | 1946 (شک) | جلد XI |


## विधि और न्याय मंत्रालय
## (विधयी विभाग)

नई दिल्ली,25 नवम्बर, 2024/14 कार्तिक 1946 (शक)

“क़ौमी कमिशन बराए होमियोपेथी ऐक्ट,2020; ट्रांसजेंडर अशख़ास (तहफ़्फ़ुज हक़ूक़) ऐक्ट 2019; इलैक्ट्रानिक सिग्रेट (पैदाकारी, सनअतकारी, दरामद, बरामद, नक़ल व हमल, बिक्री, तक़सीमकरी, ज़ख़ीराकारी और तशहीर) पर मुमानिअत ऐक्ट 2019; बराहे रास्त टैक्स विवाद से विश्वास ऐक्ट, 2020 ; सनदयाफ़ता माली मुआहेदात की दो तरफ़ा दामसाजी ऐक्ट, 2020 और लाज़मी दिफ़ाई ख़िदमात ऐक्ट, 2021” का उर्दू अनुवाद राष्ट्रपति के प्राधिकार से प्रकाशित किया जाता है और यह प्राधिकृत पाठ (केन्द्रीय विधि) अधिनियम, 1973 की धारा 2 के खंड (क) अधीन उसका उर्दू में प्राधिकृत पाठ समझा जाएगा।

## MINISTRY OF LAW AND JUSTICE
## (LEGISLATIVE DEPARTMENT)

New Delhi, 25 November, 2024/14 Kartika, 1946 (Saka)

The Translation in Urdu of the following Acts, namely:-“The National Commission for Homoeopathy Act, 2020;The Transgender Persons (Protection of Rights) Act, 2019; The Prohibition of Electronic Cigarettes (Production, Manufacture, Import, Export, Transport, Sale, Distribution, Storage and Advertisement) Act, 2019; The Direct Tax Vivad Se Vishwas Act, 2020; The Bilateral Netting of Qualified Financial Contracts Act, 2020 and The Essential Defence Services Act, 2021 is hereby published under the authority of the President and shall be deemed to be the authoritative text thereof in Urdu under Clause(a) of Section 2 of the Authoritative Texts (Central Laws) Act, 1973.

## وزارت قانون اور انصاف
## (محکمہ وضع قانون)

25نومبر،2024/14 کارتک،1946(شک)

مندرجہ ذیل ایکٹس بعنوان:" قومی کمیشن برائے ہومیوپیتھی ایکٹ،2020؛ٹرانسجنڈر اشخاص (تحفظ حقوق) ایکٹ،2019؛ الیکٹرانک سگریٹ (پیداکاری، صنعت کاری، درآمد، برآمد، نقل وحمل، بکری، تقسیم کاری، ذخیرہ کاری اور تشہیر) ممانعت ایکٹ،2019؛براہ راست ٹیکس وِیواد سے وِشواس ایکٹ،2020؛ سندیافتہ مالیاتی معاہدات کی دوطرفہ دام سازی ایکٹ، 2020اور لازمی دفاعی خدمات ایکٹ،2021"کا اردو ترجمہ صدر کی اتھارٹی سے شائع کیا جارہا ہے اور یہ مستند متن (مرکزی قوانین) ایکٹ،1973 کی دفعہ 2 کے فقرہ (الف) کے تحت اس کا اردو میں مستند متن سمجھا جائے گا۔

Dr. Rajiv Mani
Secretary to Government of India.

قیمت۔ 5روپے

**الیکٹرانک سگریٹ(پیدا کاری،صنعت کاری،در آمد،بر آمد، نقل وحمل،بِکری،تقسیم کاری،ذخیرہ کاری اور تشہیر)پرممانعت ایکٹ،2019**

**نمبر42بابت2019**

**[5دسمبر،2019]**

ایکٹ ،تاکہ نقصان سے عوام کے تحفظ کےلئے صحت عامہ کے مفاد میں الیکٹرانک سگریٹ کی پیدا کاری،صنعت کاری،در آمد،بر آمد، نقل و حمل،بِکری،تقسیم کاری،ذخیرہ کاری اور تشہیر پر ممانعت کرنے اور اس سے منسلک یا ضمنی امور کی توضیع کی جائے۔

پارلیمنٹ جمہوریہ بھارت کے سترویں سال میں حسب ذیل قانون وضع کرتی ہے:—

**1۔ مختصر نام اور نفاذ۔** (1)یہ ایکٹ الیکٹرانک سگریٹ(پیدا کاری، صنعت کاری،در آمد، بر آمد، نقل وحمل،بِکری، تقسیم کاری،ذخیرہ کاری اور تشہیر)ممانعت ایکٹ،2019 کہلائے گا۔

(2)یہ18 دسمبر، 2019 سے نافذ العمل ،متصور ہوگا۔

**2۔ یونین کے ذریعے کنٹرول کی مصلحت سے متعلق اعلان ۔** ذریعہ ھٰذااعلان کیا جاتا ہے کہ یہ مفاد عامہ کے لئے قرین مصلحت ہے کہ یونین کو الیکٹرانک سگریٹ کی صنعت کو اپنے کنٹرول میں لینا چاہیے۔

**3۔ تعریفات۔** اس ایکٹ میں بجز اسکے کہ سیاق عبارت سے دیگر طور پر مطلوب ہو،—

(الف)''اشتہار''سے مراد کوئی سمعی یا بصری تشہیر، نمائندگی یا اعلان جو کسی روشنی،آواز، دھواں،گیس،چھپائی، الیکٹرانک ذرائع ابلاغ،انٹرنیٹ یا ویب سائٹ یا سوشل میڈیا کے ذریعے کی گئی ہو اوراس میں کسی نوٹس، سرکیولر، پرچی،

ریپر، انوائس یا دیگر دستاویزات یا آلہ کے ذریعے کیا جانا شامل ہے؛

(ب)’’مجاز افسر‘‘سے مرادہے—

(i)کوئی پولیس افسر جو سب انسپکٹر کے عہدے سے کم کا نہ ہو؛یا

(ii)کوئی دیگر افسر جو انسپکٹر کے عہدے سے کم کا نہ ہو،جسے مرکزی حکومت یا ریاستی حکومت نے اطلاع نامہ کے ذریعے مجاز بنایا ہو؛

(ج)’’تقسیم کاری‘‘میں نمونوں کی شکل میں تقسیم کاری شامل ہے آیا مفت یا بصورت دیگر اور اصطلاح ’’تقسیم کرنا‘‘حسبہٗ تعبیر کیا جائے گا؛

(د)’’الیکٹرانک سگریٹ‘‘سے مرادایسا الیکٹرانک آلہ ہے جونکوٹین اور ذائقے کے ساتھ یا اسکے بغیر ایسے موادکو گرم کرتا ہے جس سے سانسس میں فوارچہ پیدا ہو اور اس میں الیکٹرانک نکوٹین تقسیمی نظام کی تمام صورتیں شامل ہیں، گرم ہونے والے نہ کہ جلنے والے مصنوعات، ای۔حُقہ اوراسی طرح کے آلات چاہے جو بھی نام دیا جائے اور چاہیے جو بھی شکل،حجم یا صورت ہو مگر اس میں ادویہ اورسامان آرائش ایکٹ،1940 کے تحت لائسنس شدہ مصنوعات شامل نہیں ہیں۔

**تشریح۔** اس فقرہ کی اغراض کے لئے اصطلاح "مواد"میں کوئی قدرتی یا مصنوعی موادیا دیگر مادہ شامل ہے آیا یہ ٹھوس شکل میں ہو یارقیق کی شکل میں یا گیس کے ا بخارات کی شکل میں ہو؛

(ہ)’’بر آمد‘‘سے اسکی قواعدی تبدیلیوں اور ہم اصل اصطلاحات کے ساتھ بھارت سے، بیرون بھارت کسی جگہ پر لے جانا مراد ہے؛

(و)''در آمد''سے اسکی قواعدی تبدیلیوں اور ہم اصل اصطلاحات کے ساتھ بیرون بھارت کسی جگہ سے بھارت میں لانا مراد ہے؛

(ز)''صنعت کاری''سے الیکٹرانک سگریٹ اور اس کے کسی حصہ کو یکجا کرنے یا تیار کرنے کا عمل مراد ہے جس میں الیکٹرانک سگریٹ اور اس کے کسی حصہ کی صنعت کاری کےلئے ذیلی عمل ضمنی یا اتفاقی عمل شامل ہے؛

(ح)''اطلاع نامہ''سے مراد سرکاری گذٹ میں شائع شدہ اطلاع نامہ ہے؛

(ط)''شخص''میں بذیل شامل ہے۔

(i)کوئی فرد یا افراد کی جماعت؛

(ii)کوئی فرم(آیا رجسٹڑ شدہ ہو یا نہ ہو)؛

(iii)غیر منقسم ہندو خاندان؛

(iv)ٹرسٹ؛

(v)محدود ذمہ داری شراکت؛

(vi)انجمن امداد باہمی؛

(vii)کوئی سند یافتہ ادارہ یا کمپنی یا افرادکی جماعت ؛اور

(viii)ہر مصنوعی قانونی شخص جو کسی بھی سابقہ ذیلی فقرہ جات کے تحت نہ آتا ہو؛

(ی)''مقام''میں کوئی مکان ،کمرہ،احاطہ،کھلی جگہ،جائیداد یا اسی نوعیت کا رقبہ شامل ہے؛

(ک)''پیدا وار''میں اسکی قواعدی تبدیلیوں اور ہم اصل اصطلاحات کے ساتھ الیکٹرانک سگریٹ اور اس کے کسی حصہ کو یکجا کرنایا تیار کرنا شامل ہے؛

(ل)''بِکری''سے اسکی قواعدی تبدیلیوں اور ہم اصل اصطلاحات کے ساتھ ایک شخص کے ذریعے دوسرے شخص کو اشیاءکی شکل میں جائیداد کی منتقلی (بشمول آن لائن

منتقلی) مراد ہے، آیا نقدی یا جنس کے لئے یا تبادلہ کی صورت میں اور آیا تھوک یا پرچون میں اوراس میں بِکری کے لئے اقرار نامہ اور بِکری کے لئے پیشکش اور بکاؤمال کی نمائش بھی شامل ہے۔

**4۔ الیکٹرانک سگریٹ کی پیداکاری،صنعت کاری،در آمد،بر آمد،نقل وحمل، بِکری، تقسیم کاری ،تشہیر پر ممانعت۔** اس ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ پر اورتاریخ سے،کوئی بھی شخص بلواسطہ یابلاواسطہ،—

(i)الیکٹرانک سگریٹ آیا مکمل ما حصل یا اس کے کسی حصہ کے طور پر پیدا نہیں کریگا یا تیار نہیں کریگا یا درآمدیا بر آمد نہیں کریگا یا نقل وحمل نہیں کریگا یا فروخت نہیں کریگا یا تقسیم نہیں کریگا؛اور

(ii)الیکٹرانک سگریٹ کا اشتہارنہیں دیگا یا کسی اشتہار میں حصّہ نہیں لے گاجو بلاواسطہ یابلواسطہ الیکٹرانک سگریٹ کے استعمال کو فروغ دے۔

**5۔ الیکٹرانک سگریٹ کی ذخیرہ کاری پر ممانعت۔** اس ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ پر اورتاریخ سے،کوئی بھی شخص ،جو کسی جگہ کا مالک ہو یا قابض ہو یا کنٹرول یا اختیار رکھتا ہو جان بوجھ کر الیکٹرانک سگریٹ کے کسی اسٹاک کی ذخیرہ کاری کے لئے اسکے استعمال کی اجازت نہیں دیگا:

مگر شرط یہ ہے کہ اس ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ پر بِکری،تقسیم کاری،نقل وحمل،بر آمدیا تشہیرکےلئے الیکٹرانک سگریٹ کا کوئی موجودہ اسٹاک بذیل مصرحہ طریقہ میں نپٹایا جائے گا۔

(الف)الیکٹرانک سگریٹ کے موجودہ اسٹاک کی نسبت جگہ کا مالک یا قابض ازخود،اس کے قبضے میں الیکٹرانک سگریٹ کے ایسے اسٹاک کی فہرست مرتب کرے گا اور کسی غیر

ضروری تا خیر کے بغیر اسٹاک کو جیسا کہ فہرست میں صراحت کی گئی ہے،مجاز افسر کے نزدیکی دفتر میں پیش کرے گا؛اور

(ب)مجاز افسر جس کو فقرہ(الف)کے تحت الیکٹرانک سگریٹ کا کوئی اسٹاک پیش کیا گیا ہو،پرسہولت روانگی کے ساتھ تمام ایسے اقدامات اٹھائے گا جیسا کہ فی الوقت نافذالعمل قانون کے مطابق نپٹارا کرنے کے لئے ضروری ہوں ۔

**6۔ وارنٹ کے بغیر داخل ہونے،تلاشی لینے اورضبط کرنے کا اختیار۔** (1)مجاز افسرجس کے پاس ایسا یقین کرنے کی وجہ ہو کہ اس ایکٹ کی کسی توضیع کی خلاف ورزی ہوئی ہے یا ہو رہی ہے،کسی بھی جگہ میں داخل ہوسکے گا اور تلاشی لے سکے گا؛جہاں—

(الف) الیکٹرانک سگریٹ کاکاروبار چلایا جاتا ہو یا الیکٹرانک سگریٹ تیار کئے جاتے ہوں، فراہم کئے جاتے ہوں،تقسیم کئے جاتے ہوں، ذخیرہ کئے جاتے ہوں،یا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے جا رہے ہوں؛یا

(ب) الیکٹرانک سگریٹ کی تشہیر کی گئی ہو یا کی جا رہی ہو۔

(2)ضمن(1)میں محولہ تلاشی مکمل ہونے کے بعد،مجاز افسر متذکرہ جگہ کی تلاشی کے نتیجے میں پائی گئی کوئی جائیداد یا ریکارڈ، جس کاضمن( 1)میں محولہ کسی معاملے کی نسبت استعمال ہونے کا اندیشہ ہو یا معقول طورپر استعمال ہونے کا شبہ ہو، ضبط کریگااور اگر وہ مناسب سمجھے ، قبضے میں لے گا اور اس طرح ضبط شدہ ریکارڈ یا جائیداد کے ساتھ کسی ایسے شخص کوجس کے بارے میں اسے یہ باور کرنے کا یقین ہوکہ اس نے اس ایکٹ کے تحت قابل سزا جرم کا ارتکاب کیاہے جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت کے سامنے پیش کرےگا ۔

(3) جہاں ریکارڈ یا جائیداد ضبط کرنا قابل عمل نہ ہوتوضمن (1) کے تحت مجاز کردہ افسر ایسی جائیداد،اسٹاک یا کارخانہ دار،صنعت کار،در آمدکار،بر آمدکار، ٹرانسپورٹر،فروخت کار، تقسیم کار،تشہیرکار یا اسٹاکسٹ کے ذریعے قائم کردہ ریکارڈ کو ضبط کرنے کےلئے تحریری طور پر حکم صادر کر سکے گاجس کے متعلق شکایت درج کی گئی ہو یا باوثوق اطلاع موصول ہوئی ہویا اس ایکٹ کی توضیعات کی خلاف ورزی میں کسی جرم کے ساتھ ان کا وابستہ ہونے کی معقول شبہ ہواور مذکورہ جرم سے منسلک شخص پر ایسا حکم لازم ہوگا۔

(4) اس دفعہ کے تحت تمام تلاشیاں،ضبطیاںاور قرقی مجموعہ ضابطہ فوجداری، 1973 کی توضیعات کے مطابق کی جائیں گی۔

**7۔ دفعہ4 کی خلاف ورزی کے لئے سزا۔** جو کوئی دفعہ4 کی توضیعات کی خلاف ورزی کرے ، ایسی مدت تک کی سزائے قیدجو ایک سال تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ جو ایک لاکھ روپیے تک ہو سکتا ہے یا دونوں اور دوسرے یا مابعد جرم کے لئے ایسی مدت تک کی سزائے قید جو تین سال تک ہو سکتی ہے اور جرمانہ جو پانچ لاکھ روپے تک ہو سکتا ہے، کے لئے سزا کا مستوجب ہوگا۔

**8۔ دفعہ5کی خلاف ورزی کے لئے سزائ۔** جو کوئی دفعہ5کی توضیعات کی خلاف ورزی کرے ،ایسی مدت تک کی سزائے قید جو چھ ماہ تک کی ہو سکتی ہے یا جرمانہ جو پچاس ہزار روپے تک ہو سکتا ہے یا دونوں کے لئے سزاءکا مستوجب ہوگا۔

**9۔ جرائم کی سماعت اور اختیار سماعت۔** (1)دفعہ4یا دفعہ5 کے تحت جرم کا ارتکاب کرنے والے شخص کی سماعت

ایسے جرم کے لئے کسی بھی ایسی جگہ پرہوگی جہاں وہ فی الوقت نافذالعمل کسی قانون کے تحت سماعت کا مستوجب ہو۔
(2)اس ایکٹ کے تحت تمام جرائم کی سماعت چیف جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت میں مجموعہ ضابطہ فوجداری،1973 میں سماعت کے لئے وضع شدہ طریق کار کے مطابق کی جائے گی۔
**10۔ ضبط شدہ اسٹاک کا نپٹارا کرنے کا اختیار۔** عدالتی کارروائیاں مکمل ہونے کے بعد اوراگر اس ایکٹ کی توضیعات کے تحت یہ ثابت ہو جائے کہ مجاز کردہ افسر کے ذریعے ضبط شدہ اسٹاک الیکٹرانک سگریٹ کا اسٹاک ہے توایسے اسٹاک کو مجموعہ ضابطہ فوجداری،1973 کے باب XXXIVمیں درج توضیعات کے مطابق نپٹایا جائے گا۔
**11۔ کمپنیوں کے ذریعے جرائم۔** (1) جب اس ایکٹ کے تحت کسی جرم کا ارتکاب کسی کمپنی نے کیا ہوتو ہر ایک شخص جو جرم کے ارتکاب کے وقت کمپنی کا قائم مقام تھااور کمپنی کاکام کاج چلانے کے لئے کمپنی کو جواب دہ تھا،نیز کمپنی جرم کے قصور وار متصور ہونگے اور انکے خلاف حسبہٗ کارروائی کی جائے گی اورسزا دی جائے گی:

مگر شرط یہ اس ضمن میں درج کسی امر کی رُو سے کوئی شخص اس ایکٹ میں وضع شدہ سزا کا مستوجب نہیں ہوگا،اگر وہ ثابت کرے کہ جرم کا ارتکاب اس کے علم کے بغیر کیا گیا تھا یا یہ کہ اس نے ایسے جرم کے ارتکاب کو روکنے کے لئے تمام مستعدی کا استعمال کیا تھا۔
(2)ضمن(1)میں درج کسی امر کے باوجود،جب اس ایکٹ کے تحت کسی کمپنی کے ذریعے کسی جرم کا ارتکاب کیا گیا ہو اور یہ ثابت ہو جائے کہ یہ جرم کمپنی کے ڈائریکٹر، منیجر،سیکریٹری یا دیگر افسر کی منظوری یا اغماز سے کیا

گیاہے یا ان کی کسی کوتاہی کے ساتھ منسوب ہے تو ایسا ڈائریکٹر،منیجر،سیکریٹری یا دیگر افسر قصور وار متصور ہوگا اور ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی اور حسبہُ سزا دی جائے گی۔

**تشریح۔** اس دفعہ کی اغراض کے لئے۔

(الف)"کمپنی"سے مراد سند یافتہ جماعت ہے اور اس میں کوئی فرم یا افراد کی دیگر انجمن شامل ہے؛اور

(ب)"ڈائریکٹر"سے مراد کمپنی کاکل وقتی ڈائریکٹر ہے اور فرم کی نسبت فرم میں کوئی حصّہ دار مراد ہے۔

**12۔جرائم کا اختیار سماعت۔** کوئی عدالت اس ایکٹ کے تحت قابل سزا جرم کی سماعت نہیں کرے گی،بجز اس کے کہ اس ایکٹ کے تحت مجاز حاکم نے تحریری طورپر استغاثہ دائر کیا ہو۔

**13۔ قابل سماعت جرائم۔** مجموعہ ضابطہ فوجداری، 1973 میں درج کسی امر کے باوجود، دفعہ4کے تحت جرم قابل سماعت ہوگا۔

**14۔ ایکٹ حاوی ہوگا۔** اس ایکٹ میں بہ استثنا اس کے کہ صریحاً دیگر طور پر وضع کیا گیا ہو، فی الوقت نافذالعمل کسی دیگر قانون میں درج متناقض امر کے باوجود اس ایکٹ کی توضیعات موثر ہوں گی۔

**15۔ دیگر قوانین کے اطلاق پر روک نہیں ہوگی۔** اس ایکٹ کی توضیعات کسی دیگر نافذ العمل قانون کی توضیعات کے علاوہ ہونگی نہ کہ ان کی تخفیف کےلئے جو الیکٹرانک سگریٹ کی پیدا کاری،صنعت کاری،در آمد،بر آمد،نقل و حمل،بِکری،تقسیم کاری،ذخیرہ کاری اور تشہیر پر ممانعت کر سکے۔

**16۔ نیک نیتی سے کی گئی کارروائی کا تحفظ۔** مرکزی حکومت یا کسی ریاستی حکومت یا مرکزی حکومت یا ریاستی

حکومت کے کسی افسر کے خلاف، کسی ایسے امر کے لئے جو اس ایکٹ کے تحت نیک نیتی سے کیا گیا ہو یا کیا جانا مقصود ہو،کوئی دعویٰ،استغاثہ یا دیگر قانونی کارروائی دائر نہیں ہوگی۔

**17۔ دشواریاں رفع کرنے کا اختیار۔** (1) اگر اس ایکٹ کی توضیعات کو موثر بنانے میں کوئی دشواری پیش آئے تو مرکزی حکومت سرکاری گذٹ میں شائع حکم کے ذریعے ایسی توضیعات بنا سکے گی جو اس ایکٹ کی توضیعات کے نقیض نہ ہوں جو ایسی دشواری کو رفع کرنے کے لئے ضروری یا قرین مصلحت دکھائی دے:

مگر شرط یہ کہ اس ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ سے دو سال کی مدت منقضی ہونے کے بعد اس دفعہ کے تحت ایسا کوئی حکم صادر نہیں کیا جائے گا۔

(2)اس دفعہ کے تحت صادر کیا گیا ہر حکم اس کے صادر کئے جانے کے بعد جتنی جلد ممکن ہو سکے پارلیمنٹ کے ہر ایوان کے سامنے رکھا جائے گا۔

**18۔ تنسیخ اور استثنا۔** (1) الیکٹرانک سگریٹ (پیدا کاری، صنعت کاری، در آمد، برآمد،نقل وحمل،بِکری،تقسیم کاری، (ذخیرہ کاری اور تشہیر) پر ممانعت آرڈنینس، 2019 ذریعہ ہٰذا منسوخ کیا جاتا ہے۔

(2 )ایسی تنسیخ کے باوجود مذکورہ آرڈنینس کے تحت کیا گیا کوئی امر یا کی گئی کوئی کارروائی اس ایکٹ کی مماثل توضیعات کے تحت کیا گیا امریا کی گئی کارروائی متصور ہوگی۔

بھارت کے صدر نے دی پروہبیشن آف الیکٹرانک سگریٹس (پروڈکشن، منیوفیکچر، امپورٹ، ایکسپورٹ، ٹرانسپورٹ ، سیل، ڈسٹری بیوشن، اسٹوریج، اینڈ ایڈوٹیزمنٹ) ایکٹ،2019 کے مندرجہ بالا اردو ترجمے کو مستندمتن(مرکزی قوانین) ایکٹ، 1973 کی دفعہ 2کے فقرہ (الف) کے تحت، سرکاری گزٹ میں شائع کرنے کے لئے مجاز کردیا ہے۔

سیکرٹری، حکومت بھارت۔

The above translation in Urdu of the Prohibition of Electronic Cigarettes (Production, Manufacture, Import, Export, Transport, Sale, Distribution, Storage and Advertisement) Act, 2019 has been authorised by the President of India to be published in the Official Gazette under Clause (a) of Section 2 of the Authoritative Texts (Central Laws) Act, 1973.

Secretary to the Government of India.